Ganj-i-Shaigan Maruf bah
Taksal.
by
Md. Rafi Rezvi Ali
Pt. I.

ترقی اردو کے واسطے تالیف کیگئی

وللہ خزائن السموات والارض

گنج شائگان

معروف بہ

ٹکسال

مؤلفہ و مصنفہ سید محمد رفیع صاحب رضوی عالی متوطن
قصبہ موہان ضلع اوناؤ ملک اودھ سابق اڈیٹر رین گزٹ اوناؤ
و اخبار گوہر نگار آگرہ و منیجر مطبع تحفہ ہند ایڈیٹر مؤلف اختر اقبال
اختر اودھ - تصریح الحروف - تاریخ آصفیہ - تاریخ بنارس تاج
نشان وغیرہ حال اہلکار مطبع سرکاری ریاست بھوپال

نامی مطبع مطلع العلوم و اخبار نیر اعظم مراد آباد میں چھپا
۱۲ - نومبر سنہ ۱۹۰۳ء

اول مرتبہ ایک ہزار جلد　　نمبر ۱۰۰۱ از سنہ ۰۶ء　　قیمت ۱۲؎

فہرست مضامین گنج شائیگان معروف بہ ٹکسال

اطلاع

گنج شایگان عرف ٹکسال کی دوسری جلد جسکا نام **تاج الملوک** ہے طبع ہو رہی ہے اسمین تمام دنیا کے شاہانِ سلف و حال و ریاستہای ہندوستانی وغیرہ کے اصلی تاج ۔ نشان اور معرکے کی صحیح اور پوری تصویرین دیگئی ہین اور ہر ایک کا تفصیلی حال بیان کیا ہے غرض کہ عجیب اور قابل دید کتاب ہے، جو صاحب شایق ہون صرف ایک کارڈ بردرخواست بھیدین تیاری پر کتاب مرسل ہو گی۔ منیجر اخبار نیر اعظم مرادآباد

یہ دونون جلدین شعبۂ علمیہ کی فہرست مین داخل ہوچکی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شکر بے پایان اوس شہنشاہ دو عالم کو شایان ہے جسنے دار الضرب دنیا کو سکہ آفرینش مخلوقات سے رونق بخشی اور درود نامحدود اوس وزیر پر تدبیر اور اوسکے آل اطہار پر جسنے نقش کفر و ضلالت کو مٹا کر درہم و دینار دین خالص کو شائع فرمایا۔

اما بعد محمد رفیع رضوی عالی بن مرحوم و مغفور میر محمد مہدی صاحب متوطن قصبہ میان [illegible] ضلع اناؤ ملک اودہ بخدمت شائقان با نام قدر دانی عرض پرداز ہے کہ یہ کتاب سکہ جات موسومہ گنج شایگان معروف بہ [illegible] حسب فرمایش مستغنی کرمی منشی ایس۔ ابن علی صاحب پراپرائٹر و اڈیٹر نیر اعظم مراد آباد معرض تحریر میں آئی خداوند تعالے اسکو مقبول عام و مرغوب انام فرماویں۔

الراقم

محمد رفیع رضوی عالی متوطن قصبہ میان

(ضلع اناؤ)

معنی سکہ

سکہ عربی لفظ ہے جسکے معنی کوچہ مسدود راستہ بازار کے ہین اور اُن آہنی ٹھپون کا نام ہے
جنپر حرف یا تصویر کندہ ہوتی ہے اور اونکے اندر چاندی اور سونے کی ٹکلی رکھکر نقش اُبھارتے
ہین - عربی مین قدیم و ندم - اُردو مین بالا پائی اور اصطلاح زبان فارسی مین بمعنی طرز و روش مستعمل
ہے اور عرف عام مین اُس فلز مسکوک کو کہتے ہین جسپر بادشاہ یا حاکم وقت کا کچھ نشان ہو
اور داد و ستد - خرید و فروخت مین کام آوے -

پہلے زمانہ مین سکے مختلف دھاتون کے بنتے تھے چنانچہ یونانیون نے لوہے کا سکہ بنایا تھا
پھر تانبے - پیتل اور چاندی کا جاری کیا - رومیون نے بھرت کے سکے بناتے تھے -
چین مین ابتک پیتل کا سوراخدار پیسہ اور چاندی کا روپیہ رائج ہے - ہندوستان اور یورپ مین تانبے کا
پیسہ - چاندی کا روپیہ اور سونے کی اشرفی چلتی ہے لیکن ہر ولایت مین پیسہ اور روپیہ کے نام مختلف
ہین - اب بھی سکے مختلف دھاتون کے بنتے ہین زیادہ تر بادشاہون کے سنہ جلوس سے
اور کبھی بیادگار واقعات عظیم جاری کئے جاتے ہین انمین جاری کنندہ کا نام یا تصویر ہوتی ہے
اکثر دیوتاؤن اور جانورونکی شکلین - درختون اور پھلون کی صورتین بھی بنائی جاتی ہین - اگلے
زمانہ کے آدمی دھاتون کو صاف کرنا نجانتے تھے اس لئے اونکے سکے بدصورت ہوتے تھے
شاہان سلف نے کئی دھاتون کو ملاکر سکے بنوائے تھے -

پہل پہل دنیا مین سکون کا رواج ممالک شرقیہ سے ہوا پھر ہر جگہ پھیلا - ابتدا اسکی تانبے سے
ہوئی - پھر سونے تک پہونچی - اس ابتدائی حالت مین کوڑیونکا بھی نام لیا جاتا ہے لیکن یہ غلط

معلوم ہوتا ہے کیونکہ بجز ہندوستان کے کسی ملک مین کوڑیون نے یہ رتبہ نہین پایا ہے
جو سکہ کی حد مین داخل ہو سکین تاریخون سے یہ بھی پایا جاتا ہو کہ قیمت کا سکہ اول چین مین جاری ہوا
بعض سکے ولادت مسیح سے دو ہزار سال پیشتر کے ہین کتب تواریخ یہ بھی بتا رہی ہین کہ اول چینیون نے
کاغذ کا سکہ (نوٹ) تجویز کیا تھا اس صدی مین مغل قبلا خان فاتح چین نے اس سکہ کو زیادہ
رواج دیا اور ملک فارس مین کیخاتو نے سکہ مذکور کا ناقص نمونہ جاری کیا۔

ابتدا مین دھاتون کے ٹکڑے ہی چلتے تھے اور نہ کچھ نقش وغیرہ ہوتا تھا۔ سکہ ہاے یونان کی
مقدار وزن پر محسوب ہوتی تھی۔ یونان مین طالبت نام سکہ تیس سیر کا تھا اور بھی مختلف وزن
شکل کے طالبت تھے۔ ہردوٹس مورخ کا بیان ہے کہ ملک لیدیا مین جو یونان کے قریب ہے
سکون پر نقش شروع ہوئے۔ یونانی سکو ننکے حاشئے کٹے ہوتے تھے اور وہان کا درم
چھیاسٹھ گرین (ایک گرین آدھی رتی کے) کا ہوتا تھا اور پانچ آنہ مین چلتا تھا۔ مورخین کے
بیان سے پایا جاتا ہو کہ حضرت مسیح سے چار سو سال قبل یونان مین تانبے کے سکے چلتے تھے
اور تین سو برس پہلے چاندی کے سکے جاری ہوئے بعض مورخ کہتے ہین کہ سونے کا سکہ فیلقوس
بادشاہ مقدونیہ سے پہلے جاری نہ تھا لیکن جیلن شاہ جزیرہ صقلیہ کے طلائی سکے دیکھنے سے
پایا جاتا ہو کہ فیلقوس سے پہلے سے جاری تھا اسلئے کہ جیلن جزیرہ صقلیہ مین حضرت مسیح سے
چار سو اکیانوے برس پیشتر حکمران تھا۔ رومیون نے اہل صقلیہ سے سکے سیکھے اور
مدت تک روم مین تانبے کے سکے جاری رہے پھر چاندی کے جاری ہوئے۔ رومیونکا
ایک سکہ دس روپیہ قیمت کا تھا قسطنطین شاہنشاہ روم نے اپنے آخر زمانہ مین ایک نئی قسم کا سکہ
ایجاد کیا تھا اور اسکا نام زلش (مثقال زر) رکھا تھا اسکا رواج ترکستان مین اب تک ہے
روم مین نہایت قدیم سکہ دیناری تھا اسپر دیوتا اور آدمیون کی شکلین بنی ہین سکندر کے سکے اکثر

اسلامی سکہ درہم ودینار

سکے دو طرح کے ہین ایک سکہ نقرہ دوسرا سکہ طلا۔ درہم و دینار کا وجود قرآن مجید کی عبارتون
مین صحیح پایا جاتا ہی جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہی کہ یہ نام قدیمی ہین نہ اصطلاحی۔ یہی سبب ہے کہ مختلف زبانون
مین بھی ایک لفظ مختلف تلفظات سے مستعمل ہی جس سے زبان کے قومی اتحاد کا دعوی کیا جاتا ہے
کہ عرب مین درہم۔ فارس مین درم۔ لاطینی مین ڈرام اور ہندی مین دام کہا جاتا ہی۔ جزیرہ نمائے
عرب نے سلطنت وحکومت پانے پر بھی کبھی سکہ کو ایجاد نہین کیا بلکہ جس زمانہ مین سلاطین مین دو ملک
مسیر کا دورہ تھا اوسوقت بھی سکہ کے رواج مین دوسرے ہی ملکون کا زیر بار احسان رہا۔
یہی وجہ ہے کہ لفظ درہم فارسی کا معرب ہی اور دینار (سکہ طلا) اصل مین قصبہ دینور کی طرف
منسوب ہے، جو صوبہ ہمدان ملک فارس کا ایک گانون ہی جہان اسکا دار الضرب تھا اسی مناسبت
سے دینار نام رکھا یا جو کثرت استعمال سے دینار ہو گیا جسکو ہم عربی لفظ سمجھتے ہین حالانکہ عجمی ہی
جو قبل از اسلام ملک عرب کا افسر سمجھا جاتا تھا۔

علم حدیث کے ذریعہ سے معلوم ہوتا ہی کہ ابتدائی سکہ ہی درہم دینار ہے جو تعلیم الٰہی جاری ہوا
جسکو دیکھکر شیطان نے سجدہ کیا اور اپنی کامیابی کا نہایت پر زور آلہ بنایا۔ قدیم تاریخ سے
پایا جاتا ہے کہ درہم و دینار کا رواج ملک ایران سے ہے اور آخری زمانہ مین ملک روم نے
اوسکی ہمسری کا دعوی کیا جس سے ابتداء اسلام تک عرب مین ایران کے سکے چاندی کے چلے
آگے چلکر اسلامی سکہ بھی انھین دونون سکون کا پیرو رہا۔ بیشک اندازہ نہین کیا جاتا کہ عرب
مین کتنے سکے جاری تھے تاہم علما۔ ے لغت سے مستند ثابت ہوتا ہی کہ درہم کے تین سکے
عرب مین رائج تھے۔ ایک بغلیہ۔ دوسرا سمریہ اور تیسرا درہم طبریہ بعد ان دونون سکون کے

اوزان بھی مختلف تھے۔ جس سے ایک خفیف کہلاتا تھا جبکا عبریہ بھی سکتے ہیں اور دوسرا سکہ ثقیل جسکا یہ انداز تھا کہ ایک سکہ تھا پانچ مثقال میں دس درہم دوسرا چھ مثقال میں دس درہم اور تیسرا دس مثقال میں دس درہم پہلے دونوں سکے چھ دانق (دانگ) کے وزن پر ہوتے اور تیسرا سکہ آٹھ دانق جو بعدہ توڑ دیا گیا اور سب کا وزن چھ دانق قرار پایا۔

مسئلہ طہارت میں درہم کا معیار پیمائش پر ہے مگر معاملات عمومیہ میں وزن پر ان دونوں کا مدار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مثقال کا اطلاق دینار پر ہوتا ہے حالانکہ دینار ایک سکہ کا نام تھا اور مثقال کا وزن و اطبا کے نزدیک ۴½ ماشہ کی برابر ہوتا ہے اور اصطلاح شرعی میں بیس قراط اور قراط تین جو ہے جو تین چاول تو مثقال بحساب ۶۰ چاول ساٹھ کے برابر ہوتا ہے اور بحساب چاول اکیس بیس چاول کی برابر اور دوسرا سکہ اسکا ذہب صنمی کہا جاتا ہے جو تین ربع مثقال صیرفی ہوتا ہے۔ اسی سے درہم کا وزن بھی معلوم ہو گیا کیونکہ مشہور ہے دس درہم بوزن سات مثقال نقرئی ہوتا ہے یہی سبب ہے کہ بہت سی روایات و حکایات سے معلوم ہوتا ہے کہ معاملات باہمی میں بعوض قیمت یا اجرت درہم ایک دانگ (ایک دانگ = ۶ رتی) چاندی بقدر ضرورت توڑ لیا کرتے۔ کیونکہ اس قسم کے وزن کا سکہ باعتبار پیمائش بہت بڑا ہوتا ہے کم سے کم انگوٹھے کے پور کی برابر ہوتا اور زیادہ کف دست کے اس نشیب کی برابر جو ہاتھ کے پھیلانے میں ہر چہار سمت کے مقابل میں گڑھا سا ہتھیلی میں معلوم ہوتا ہے۔ اس پیمانہ کا سکہ قبل اسلام ہی سے مخصوص نہیں ہے بلکہ اسلامی سکہ بھی اسی انداز کا بننا شروع ہوا۔ عہد رسول خدا تک تو اس سکہ کا پتہ نہیں لگتا بجز اسکے کہ ہجرت فرما کر جب آپ رونق افروز مدینہ منورہ ہوئے تو حکم دیا کہ موافق وزن اہل مکہ معاملہ کریں لیکن حضرت عمر بن الخطاب کے متعلق اسقدر بیان کیا گیا ہے کہ جب زمین کا خراج مقرر کیا گیا تو بڑے سکے کے طالب ہوئے کہ اسی ثقیل سکے سے ادا کریں جسپر رعایا نے

بہت کچھ عذر کیا تب حکم دیا کہ سکون کا وزن مساوی کر دیا جائے جب ہی سے یہ سکہ درہم بغلی رائج ہوا جسکا وزن چھ دانق تھا۔ اس سکہ کے ضراب کا نام راس البغل تھا اس لئے اسکا نام درہم بغلی مشہور ہوا۔ اسکی شان یہ تھی کہ ایک طرف تو کسریٰ شہنشاہ عجم کی تصویر تھی جو کرسی پر بیٹھی ہے اور اوسکے نیچے بحروف فارسی نوش خور۔ لکھا تھا کیونکہ دراصل یہ سکہ کسرائی تھا صرف اسکے وزن مین تبدیلی کی گئی تھی لیکن علماے لغت کی تحقیقات اس مادہ مین مختلف ہے بعضون نے بغلی بسکون غین بالام پڑھا ہے اور بعض نے بفتح غین و تشدید لام۔ اس اختلاف لغت کے بعد وجہ تسمیہ مین بھی اختلاف ہے

(۱) بغلا ایک قصبہ کا نام ہے جو شہر حلہ کے قریب صوبہ عراق مین تھا اوسکی طرف نسبت ہے

(۲) راس البغل ایک بادشاہ کا نام تھا جسنے خفیف و ثقیل اوزان کو برابر کر کے چھ دانق والے سکہ کو رائج کیا۔

(۳) راس البغل ضراب کا نام ہے اوسکی طرف اسکی نسبت ہے۔

جس روایت مین حضرت عمرؓ کا نام لیا گیا ہے وہ غلط معلوم ہوتی ہے کیونکہ اگر سکہ بدلنے کی ضرورت لاحق ہوتی تو کسرائی سکہ تصویردار مجوسی سکہ کے جاری کرنے کی کیا ضرورت تھی وہ خود اسلامی سکہ جاری کر سکتے تھے۔ ہان یہ ممکن ہے کہ رعایا کی عرض و معروض پر اونھون نے اوس کسرائی سکہ کا لینا قبول کیا ہو جسکا وزن چھ دانق تھا جسکے موافق آخر مین اسی وزن کے سکے زیادہ تر بنوائے گئے اور وہی مشہور ہوا۔ کوئی مورخ اس امر کا مدعی نہین ہے کہ حضرت عمر نے کوئی سکہ جاری کیا ہے بلکہ سب نے اولیت اجراے سکہ کو عبدالملک کی طرف منسوب کیا ہے جو بنی امیّہ کا پانچوان فرمانروا اور سلطنت مروانی کا دوسرا بادشاہ ہے لیکن حضرت عمر کا سکہ ہم کو دستیاب ہوا ہے جسکو اس کتاب مین کسی جگہ پر ہمنے درج کیا ہے اس لئے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمر نے اپنا سکہ جاری کیا تھا یہ دوسری بات ہے کہ اسکا رواج زیادہ نہوا ہو۔ یہ سکہ مختلف نام کا تھا جسپر عبارت بھی مختلف تھی۔ چنانچہ قل ہو اللہ احد والی اشرفیان احد

کہلاتی تھین - ابن خلدون نے لکھا ہی کہ مصعب بن زبیر نے اس سکہ کی ایجاد کی جو اپنے
بھائی عبد اللہ بن زبیر کی طرف سے بصرہ و کوفہ کا گورنر مقرر ہوا تھا - بہرحال یہ زیادہ ثابت ہوتا ہے
کہ درہم و دینار کا اسلامی سکہ بزمانہ حکومت عبد الملک جاری ہوا نقش دینار بزبان رومی تھا
اور نقش درہم بزبان فارسی دمیاطی کتاب محاسن و مساوی مین امام ابراہیم بن محمد بیہقی نے یہ لکھا ہے
کہ امام کسائی بیان کرتے ہین کہ ایک روز مین ہارون رشید خلیفہ عباسی کی خدمت مین حاضر ہوا وہ
اپنے ایوان خلافت مین متمکن تھے اور انکے سامنے بہت سا مال پڑا ہوا تھا جسکو وہ اپنے خدام
و ارکان سلطنت مین تقسیم کر رہے تھے - ہارون رشید کے ہاتھ مین ایک چمکدار درہم تھا جسکے حروف
چمک رہے تھے - اور بار بار بنظر غور و تامل دیکھ رہے تھے گویا کوی خاص بات اسکی باعث تھی -
ہارون رشید کی عادت تھی کہ اکثر مجھسے (امام کسائی) ادہر ادہر کی باتین کیا کرتے تھے - پوچھا کہ
جانتے ہو سب سے پہلے کس نے اس سکہ کو طلا و نقرہ مین جاری کیا -
امام کسائی نے جواب دیا کہ عبد الملک بن مروان نے اسکو جاری کیا - ہارون رشید نے کہا
اسکا کیا سبب تھا اور کیون اسکی ایجاد ہوئی - امام کسائی نے کہا مجھے اور تو کچھ معلوم نہین صرف
اسقدر جانتا ہون کہ عبد الملک نے یہ سکہ جاری کیا -
ہارون رشید نے بیان کیا کہ یہ فعل خالی از علت نہین ہے اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ جس کو مین بیان
کرتا ہون -
اصل یہ ہے کہ بزمانہ سابق جسقدر کاغذ ہوتا تھا وہ سب رومیون کے کارخانہ سے آتا تھا اور اہل مصر
چونکہ اکثر نصرانی قیصر روم کے مذہب پر تھے اس لئے (طراز) معرکہ ان سب کاغذونکا اس
عنوان سے ہوتا تھا - اب - اب - روح - عبد الملک کی خلافت تک یہی رومی معرکہ
جاری رہا چونکہ یہ معرکہ زبان رومی مین بخط طغرا ہوتا اس لئے کسی کو خبر نہوئی اور نہ کسی سے

اسکی تفتیش کی یہی کاغذات برابر رائج رہے۔ عبدالملک کو ایک مرتبہ کچھ شک ہوا ایک
کاغذ کو دیکھ کر مترجم سے کہا کہ اسکا ترجمہ عربی مین کرو اوس نے بیان کیا کہ اقانیم ثلثہ
اب۔ ابن۔ روح کے نام کا معرکہ اس مین بنا گیا ہے۔ اسپر عبدالملک نے کہا کہ یہ تو قاعدہ
اسلامی کے بالکل خلاف ہے اس قسم کا معرکہ ممالک اسلامی مین جاری ہو حالانکہ یہ کاغذات ممالک
بعیدہ مین جلتے ہین موقوف ہونا چاہیئے۔

یہ معرکہ عیسائیون کا صرف کاغذ ہی پر نہین ہوتا تھا بلکہ ظروف وغیرہ پر بھی جو مصر مین بنتے
یا پردے وغیرہ بنائے جاتے یا کسی قسم کا کپڑا وہان تیار ہوتا اون سب پر یہی معرکہ بنتا
اور وہی جملہ ممالک اسلامی مین رواج پاتا کیونکہ یہ کل صنعتین رومیون سے متعلق تھین لہذا
عبدالملک نے اپنے بھائی عبدالعزیز بن مروان کے نام جو منجانب عبدالملک مصر کا گورنر تھا
اس مضمون کا حکمنامہ بھیجا کہ اس عیسائی معرکہ کو موقوف کرے۔ کاغذ یا پردہ یا کپڑا وغیرہ جو وہان
تیار ہو ان سب سے یہ معرکہ موقوف کردیا جائے اور اس حکم کی منادی کردو کہ جو اسکی مخالفت
کریگا وہ مستحق سزا ہوگا اور کاغذ کے کارخانہ دارون کو ہدایت کیجائے کہ وہ اس مضمون کا معرکہ
تیار کرین۔ شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو۔ اور اس مضمون کا فرمان شاہی تمام ممالک مقبوضہ مین
جاری ہوا کہ جو کاغذات رومی معرکہ کے ملک مین جاری ہین ان سب کو منسوخ کر کے نئے معرکہ کے
کاغذات کو رواج دین اور جو شخص مخالفت کریگا وہ مستوجب تعزیر ہوگا۔

جب اس نئے معرکے کے کاغذون نے رواج پایا جسپر کلمۂ توحید ثبت تھا تو اہل روم کو بھی اس واقعہ
سے اطلاع ہوئی اور رفتہ رفتہ یہ خبر قیصر روم کو پہونچی جس سے وہ نہایت طیش مین آیا اور ایک
دوستانہ خط عبدالملک کو لکھا کہ تمھارے قبل جتنے خلفا گذرے اون سب نے اسی معرکہ رومی کو
جائز رکھا تھا نہ کسی نے کچھ اعتراض کیا اور نہ تبدیلی کا قصد کیا حتی کہ تمھاری خلافت کا زمانہ آیا۔

اب یا اسکا اقرار کرو کہ تم بر سرِ خطا ہو اور خلفاے سابق بر سرِ صواب تھے یا یہ کہ سب خاطی تھے اور تم بر سرِ صواب ہو۔ ان دو باتون سے ایک بات کا اقرار کرنا تمپر لازم ہوگا۔ دیکھو مین تمھاری شان کے موافق تحفہ و ہدایا روانہ کرتا ہون جسکے بارہ مین مجھے امید ہے کہ تم قبول کروگے۔ اور میری یہ حاجت برلاوگے کہ معرکہ قدیمہ کی اجازت دو مین آپکا مشکور ہونگا۔

عبد الملک نے سفیر کو معہ ہدایا واپس کیا اور جواب خط نہ لکھا تاکہ معلوم ہو کہ یہ درخواست قابلِ قبول نہین۔

قیصر نے دوبارہ سفیر کو روانہ کیا اور مقدار تحفہ سابق کو المضاعف کیا اور اس مضمون کا خط لکھا کہ معلوم ہوتا ہے تمنے میرے ہدیہ کو کم مقدار سمجھا لہذا المضاعف کرکے اوسی مطلب کا خواستگار ہون۔

عبد الملک نے اس مرتبہ بھی کچھ جواب نہ دیا اور سفیر کو معہ تحائف واپس کیا۔

تب تیسری بار قیصر نے یہ خط تہدید آمیز لکھا کہ تمنے میرے خط کا کچھ جواب نہ دیا اور نہ میرا ہدیہ قبول کیا نہ میری حاجت براری کی پہلے تو مجھے گمان تھا کہ تمنے مقدار ہدیہ کو کم تصور کیا ہے لہذا دوبارہ اسکی افزایش کی اور پھر سہ بارہ بھی اوسکی مقدار بڑہائی لیکن اب معلوم ہوا کہ تم میری توہین چاہتے ہو نہ خط کا جواب دیتے ہو اور نہ میرے ہدیہ کو قبول کرتے ہو اب مین مسیح کی قسم کھاتا ہون کہ اگر تمنے رومی معرکہ کے رواج کا حکم نہ دیا اور اپنے اس نئے معرکہ توحید کو نہ بند کیا تو مین بھی سکۂ درہم و دینار کے بارہ مین حکم جاری کرونگا کہ تمھارے رسول اللہ پر کھلے الفاظ مین گالیان نقش کیجائین جو تمھارے تمام ملک مین رواج پائیگا۔ کیونکہ تم کو خوب معلوم ہے کہ اسلامی ملکت مین سکہ نہین ہے۔ جو نقش ہمارے ملک مین سکون پر ہوتا ہے وہی سکہ تمھارے ملک مین جاری رہتا ہے۔ اس خط کو پڑہکر اپنی پیشانی کا پسینہ پونچھ ڈالو اور میرا ہدیہ قبول کرکے بدستور سابق معرکہ

کے رواج کا حکم دو جس سے ہماری اور آپ کی محبت سابقہ بحال و قایم اور برقرار رہے
جب قیصر کا یہ خط پہونچا تو عبد الملک کو سخت تردد پیدا ہوا اور اس تردد نے یہانتک ترقی کی
کہ جتنے علما و فضلا۔ صحابہ و تابعین وہان تھے سب کو جمع کیا اور اس باب مین مشورہ کیا
کہ کیا تدبیر کیجائے کہ جو یہ بلا دفع ہو اور اپنی بات بھی رہ جائے۔ سب لوگ خاموش رہے
اور اسکا کچھ جواب نہ دیسکے تب روح بن زنباع وزیر اعظم نے نہایت جرأت اور آزادی سے
کہا کہ تو خوب جانتا ہی اُس شخص کو جسکی بدولت اس مخمصہ سے نجات پا سکتا ہے مگر عمداً اُسکو ترک کرتا ہی۔
عبد الملک نے کہا وائے ہو تجھپر وہ کون شخص ہے۔
روح بن زنباع نے جواب دیا تجھے لازم ہی کہ رجوع کرے طرف جناب امام محمد باقرؑ کے
جو اہلبیت نبی سے ہین کہ یہ معما اونھین سے حل ہو سکتا ہی۔ عبد الملک نے کہا کہ تو نے سچ کہا مگر
میری راے اونکے بارہ مین متزلزل ہی۔ بعدہ گورنر مدینہ منورہ کے نام خط لکھا کہ حضرت امام محمد باقرؑ
کو بتعظیم و تکریم میرے پاس روانہ کرو اور اونکے زادراہ و اخراجات کے لئے سامان ضروری فراہم کرو
اور روانگی مین سختی نکرنا بلکہ بلاطفت و نرمی روانہ کرنا وہ جسکو چاہین اپنے ساتھ لائین۔
عبد الملک نے یہ خط مدینہ منورہ روانہ کیا اور قیصر روم کے سفیر کو اوس وقت تک اپنا مہمان رکھا
کہ حضرت تشریف لائے۔ جب جناب امام محمد باقر صاحب تشریف لائے تو عبد الملک نے
یہ سارا ماجرا سکہ کا عرض کیا۔ جناب امام نے فرمایا یہ تو کوئی ایسی بات نہ تھی جسمین تو اسقدر
پریشان ہو۔ کیونکہ اوّلاً خود خداے تعالے محافظ ہے جو قیصر روم کو اوسکے ارادہ مین
ہرگز کامیاب نہونے دیگا کہ رسول اللہ پر سب و شتم جاری ہونے پاوے ثانیاً تو بھی مجبور
نہین ہی اسکی تدبیر بخوبی کر سکتا ہی۔ عبد الملک نے التماس کیا مین کیا کر سکتا ہون۔
امامؑ نے فرمایا کہ تو اسیوقت کاریگرون کو بلوا کر درہم و دینار کا اسلامی سکہ ڈھلوا سکتا ہی اور

ایک طرف کلمۂ توحید ثبت کرائے اور دوسری جانب اسم مبارک رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلّم اور اوسکے حلقہ مین نام شہر اور نام ضرب ثبت کراؤ کہ یہی اسلامی سکہ رواج پائے
اسکے بعد امام نے انکے اوزان بتائے کہ تین سکے درہم کے اسوقت جاری ہین - ایک بغلی
جو دس مثقال کے دس ہوتے ہین - دوسرے سمری خفاف جو چھ مثقال کے دس ہوتے ہین اور
تیسرا پانچ مثقال کا دس - یہ کل اکیس مثقال ہوئے اسکو تین پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم سات مثقال
ہوا - اس سات مثقال کے دس درہم بنوائے اور اسی سات مثقال کی قیمت کے ہونے کا دینار
بنایا جسکا وزن دس درہم ہوا -

سکہ درہم کا نقش چونکہ فارسی مین تھا لہذا اسکا نقش بھی فارسی مین رہنے دیا اور دینار کا
سکہ رومی حروف مین کیونکہ اسی انداز کے سکہ کی چلنسار تھی - اور ڈھالنے کا سانچہ کلانچ کا بنوایا
تاکہ زیادتی اور کمی سے محفوظ رہے -

جناب امام نے یہ سب تعلیم دیکر ارشاد فرمایا کہ اس اسلامی سکہ کو تمامی بلاد اسلامیہ مین جاری
کر دے اور اس مضمون کے فرمان کا اعلان کر کہ ہر شخص اس نئے سکہ کو استعمال کرے اور بصورت
خلاف ورزی وہ سزا کا مستحق ہوگا - پس اس ذریعہ سے رومی سکہ کا استعمال ہی موقوف ہو جائیگا
اور یہی اسلامی سکہ ہر جگہ رواج پائیگا -

عبد الملک نے جناب امام کے ارشاد کے مطابق اسلامی سکہ بنوایا اور ہر جگہ اس مضمون کا
فرمان بھیجا کہ جو شخص اس سکہ کے خلاف دوسرے سکہ کو کام مین لائیگا وہ واجب القتل ہوگا
تب سفیر قیصر روم کو رخصت دی اور وہی جواب جو جناب امام نے فرمایا تھا اس سفیر سے
کہا کہ جا کر قیصر روم سے کہدینا کہ جس بات کی تو نے دھمکی دی ہے اوسکو کر ڈال کہ خدا اوسکو
کبھی نہ چلنے دیگا - مین نے تیرے سکہ کو اپنے ممالک مقبوضہ مین باطل کر دیا ہے اور اس

مضمون کا فرمان جاری کیا ہے کہ جو شخص سکہ رومی یا رومی مہر کی اشیا کو استعمال مین لائیگا واجب القتل ہوگا۔

قیصر کے پاس جب یہ جواب پہونچا تو وہ دم بخود ہوکر خاموش ہوگیا لوگون نے اوس سے کہا کہ جو دہمکی تو نے بادشاہ عرب کو دی تھی (دشنام دہی رسول اللہ کی) اب اوسکا اجرا کیون نہین کرتا قیصر نے جواب دیا جسوقت مین نے دہمکی دی تھی اوسوقت البتہ مین اوسپر قادر تھا اب مجبور ہون کیونکہ اہل اسلام اس سکہ سے دادوستد کرین گے تو پھر اس قسم کے سکہ سے کیا فائدہ ہوگا۔

یہ حکایت بیان کرکے ہارون رشید نے وہ درہم جو ہاتھ مین تھا پھینکدیا۔ تاریخ خمیس مین ہے کہ یہ واقعہ ضرب درہم و دینار کا ۷۵ھ مین واقع ہوا۔ اسلام کا پہلا سکہ یہی ہے ورنہ اسکے قبل رومی اور کسریٰ کے سکے جاری تھے اور مختصر جامع سے نقل کیا ہے کہ نقش سکہ۔ قل ہو اللہ احد تھا اور اسکے حروف عربی مین تھے کیونکہ اسکے قبل رومی اور عجمی حروف کے سکے مروج تھے۔ مگر یہ روایت اسوجہ سے لایق قبول نہین کہ مورخ خمیس نے اس تبدیلی کی کوئی وجہ نہین لکھی اور رواج ملکی کے بالکل خلاف ہوتا ہے جو نقش حروف قبول کیا جاوے ہان یہ ممکن ہے کہ عبدالملک نے یا اور کسی نے اسکے بعد یہ اختراع کیا ہو کہ قل ہو اللہ احد کا سکہ کندہ کرایا ورنہ جناب امامؑ نے ہرگز ایسی رائے نہ دی ہوگی جس سے کفار وغیرہ حروف قرآنی کا مس کرین۔

اسلامی سکہ درہم و دینار کے مضمون مندرجہ بالا پر دو اعتراض وارد ہوتے ہین ایک یہ کہ سکہ درہم و دینار کا ۷۵ھ مین بعہد عبدالملک جاری ہونا بتعلیم حضرت امام محمد باقرؑ اسوجہ سے محل نظر ہے کہ اس زمانہ تک جناب امام زین العابدینؑ موجود تھے کیونکہ آپکی وفات ۹۵ھ مین ہے پس حضرت امام زین العابدینؑ کی موجودگی مین جناب امام محمد باقرؑ کا طلب ہونا خلاف عقل معلوم ہوتا ہے۔ لیکن مضمون بالا کتاب حیوۃ الحیوان سے ماخوذ ہے اور حضرت امامؑ

زین العابدینؑ کے طلب کرنیکی یہ ہی کہ اسکے قبل عبدالملک نے ایک مرتبہ حضرت کو قید کرکے طلب کیا تھا کچھ دور جانیکے بعد ازراہ اعجاز آپ غل و زنجیر کو دفع کرکے بذریعہ طی الارض تن تنہا عبدالملک کے پاس پہنچے اور فرمایا کہ تجھکو مجھسے کیا سروکار ہے جسپر عبدالملک بیان کرتا ہے کہ میرا دل مارے خوف کے کانپنے لگا جسکے بعد عبدالملک نے حجاج کو خط لکھا کہ فرزندان عبدالمطلب کے قتل سے خوف کرنا (صواعق محرقہ صفحہ ۱۱۹) یہی دہشت غالباً اسکو حضرت کی رحمت دینے سے مانع ہوئی ہوگی اور روح بن زنباع نے بھی جو عبدالملک کا وزیر اور اسکا رازدار تھا اور جانتا تھا کہ عبدالملک کو حضرت کو بلانا منظور نہوگی اسی بنا پر حضرت کا نام لیا ہوگا اور جناب امام محمد باقرؑ کا نام لیا کیونکہ ائمہ اہلبیت کے صغیر و کبیر علوم لدنیہ میں مساوی ہیں احادیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہؐ نے جابرؓ کو خاص طور پر جناب امام محمد باقرؑ کی بشارت دی تھی کہ حضرت امام حسینؑ کے پوتے محمد نام باقر یعنی شگافتہ کرنیوالے علم اولین و آخرین ہونگے اور اے جابر تو اونکی زیارت کریگا اوسوقت میرا سلام پہونچانا۔

"دوسرا اعتراض اس مضمون سکہ پر یہ بھی کیا گیا ہے کہ مصنف تاریخ الاسلام لکھتے ہیں" اسکے قبل ملک بن عجمیونکا سکہ جاری تھا اب حضرت عمر کو اپنا سکہ جاری کرنا پڑا سونے اور چاندی کے سکے ڈھلنے لگے۔ لا الہ الا اللہ۔ الحمد للہ۔ سورۂ قل ہو اللہ۔ ان سکوں پر مضروب تاتھا۔ قل ہو اللہ احد والی اشرفیاں احدیہ کہلاتی تھیں جس سے معلوم ہوا کہ اسلامی سکہ حضرت عمرؓ کے زمانہ سے جاری تھا۔ اسکی اصل جسقدر تھی وہ حیٰوۃ الحیوان سے لکھی گئی کہ حضرت عمرؓ نے وہی نوشیروانی سکہ جاری کیا تھا جسپر نوشیروان کی تصویر تھی اور اوسکے سامنے۔ نوش خور۔ لکھا تھا نہ کہ لا الہ الا اللہ کا سکہ جاری کیا ہو یا سورۂ الحمد یا قل ہو اللہ احد۔

"دوسرا مورخ لکھتا ہے کہ رسول اللہؐ کے وقت میں نوشیروان کا سکہ جاری تھا جسپر اوسکا نام اور آتشکدہ کا نقشہ بنا ہوا تھا اور ہرقل بادشاہ روم کا بھی سکہ جاری تھا جسپر حضرت عیسیٰ کی تصویر بنی ہوئی تھی لیکن علامہ دمیری نے نوشیروان کی تصویر کو لکھا ہے آتشکدہ کا ذکر نہیں کیا۔

اسلامی سکہ کو اجرا کی بابت یہ قول متفق ہے کہ اسکی ابتدا عہد عبدالملک بتعلیم حضرت امام محمد باقرؑ ہوئی اور اسکے قبل مختلف سکے جاری تھے کسی اسلامی بادشاہ نے اسپر توجہ نہیں کی تھی۔

سکۂ شاہان قدیم ایران

سکہ اردشیر اول

سکہ اردشیر اول

سکہ اردشیر اول

سکہ اردشیر اول

محمد رفیع تورانی

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں +

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں کے لیے گئے ہیں ۱۲

نوٹ- یہ خاکے بجنسہ اصل سکوں سے لئے گئے ہیں +

سکہ شاپور سوم

سکہ شاپور سوم

سکہ ہرمز سوم

سکہ یزدگرد دوم

سکہ ہرمز اول

سکہ بہرام اول

سکہ بہرام پنجم

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لیے گئے ہیں ۱۲

نوٹ ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لئے گئے ہیں ۱۲

نوٹ — یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے

سکہ یزدگرد سوم

سکہ اردشیر دوم

سکہ بہرام چہارم

سکہ خاندان سفندی ایران

دارک نام سکہ ایران

نوٹ - یہ نمونے بجنسہ اصلی سکوں سے نقل لئے گئے ہیں ۱۲

نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی تصویروں سے لیے گئے ہیں ۱۲

ایضاً　ایضاً

سکہ طلائی اشک بست وچہارم اونونس ثانی

ایضاً　ایضاً

سکہ طلائی اشک بست وپنجم بلاش دوم

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی اشک اول واسیلوس ارساکو نام
ایضاً
ایضاً
سکہ طلائی اشک سوم اردوان نام
سکہ طلائی اشک دوم تیرداد نام
سکہ طلائی اشک چہارم فریاپاطوس نام
نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ مسی اشک پنجم فرہاد اول
ایضاً
ایضاً
سکہ طلائی اشک ششم مہرداد اول
ایضاً
ایضاً
سکہ طلائی اشک ہفتم فرہاد ثانی

ایضاً
ایضاً
ایضاً
ایضاً
سکہ طلائی اشک ہشتم ارتبان ثانی
سکہ مس ایضاً
سکہ طلائی اشک نہم مہرداد ثانی
نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں۔

سکہ طلائی اشک دہم مناسکراس نام

ایضاً

ایضاً

سکہ طلائی اشک یازدہم سناتروکس

ایضاً

ایضاً

نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لئے گئے ہیں +

سکہ طلائی اشک دوازدہم فرہاد ثالث

ایضاً

ایضاً

سکہ طلائی اشک سیزدہم مہرداد سوم

ایضاً

ایضاً

تصویر نمبر ۱۸ نوٹ۔ یہ فلک کے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی اشک چہاردہم اوروڈس نام

ایضاً

ایضاً

ایضاً

ایضاً

سکہ طلائی اشک پانزدہم فرہاد چہارم

قریشی دہلوی

نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی اشک پانزدہم فرہاد اول
ایضاً
ایضاً
سکہ طلائی اشک شانزدہم فرہاد پنجم
سکہ طلائی اشک ہفتدہم اوردوس دوم
نوٹ یہ خاکے بجنسہ اصل سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی اشک ہفتدہم اُرودس دوم

سکہ طلائی اشک ہیجدہم اردونس اول

سکہ طلائی اشک نوزدہم ارتبان سوم

ایضاً

ایضاً

نوٹ - یہ نقشے بجنسہ اصل سکوں سے لیے گئے ہیں ۱۲

سکہ مس اشک بستم وارتان
سکہ طلائی ایضاً
ایضاً
سکہ طلائی اشک بست و یکم گودرز نام
سکہ طلائی اشک بست و دوم
نوٹ:- یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

۲۶۵
سکہ طلائی اشک بست و سوم ولگس نام بلاش اول لقب
سکہ طلائی اشک بست و پنجم بلاش دوم
ایضاً
ایضاً
سکہ مس
ایضاً
نوٹ - یہ خاکے بجنسہٖ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکه مس اشک بیست و پنجم بلاش دوم
سکه طلای اشک بیست و ششم ارتبان چهارم
ایضاً
ایضاً
سکه طلای اشک بیست و هفتم پاکور دوم
ایضاً
ایضاً

سکہ مس اشک بست و ہفتم پاکور نام

سکہ طلائی اشک بست و ہشتم خسرو نام

سکہ مس ایضاً

سکہ مس ایضاً

سکہ طلائی اشک بست و نہم بلاشس سوم

نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی اشک بست و نہم بلاش سوم

ایضاً

ایضاً

سکہ مس ایضاً

سکہ طلائی اشک سی ام بلاش چہارم

نوٹ: یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں۔

سکہ طلائی اشک سی ام بلاش چہارم

ایضاً ایضاً سکہ مس ایضاً

سکہ طلائی اشک سی دیکم بلاش پنجم

ایضاً ایضاً

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی اشک سی و یکم پادشاہ پنجم

سکہ مس ایضاً

سکہ مس ایضاً

سکہ طلائی سی و دوم پادشاہ ششم

ایضاً

ایضاً

سکہ طلائی اشک سی و دوم پادشاہ ششم

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہٖ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں۔

سکۂ شاہ اسمٰعیل صفوی

ایک طرف۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ۔

دوسری طرف نام بادشاہ۔

پہلا سکہ جو نادر شاہ نے جاری کیا

ایک طرف
سکہ بر زر کرد نام سلطنت را در جہان
نادر ایران زمین گیتی ستان

دوسری طرف الخیر فی ما وقع۔ ثبت کرایا جسکے تاریخی عدد سنہ ۱۱۴۸ ہجری ہیں اوسی طرف ضرب سنہ ۱۱۴۸ھ فی کرمان منقوش تھا۔

دوسرا سکہ فتح ہندوستان کے بعد جاری کیا اوسپر طرف اول یہ شعر ثبت تہا سے

ہست سلطان بر سلاطین جہان
شاہ شاہان نادر صاحبقران

دوسری جانب خلد اللہ ملکہ ضرب فی احمد آباد سنہ ۱۱۵۲ھ

تیسرا سکہ قندہار میں مضروب ہوا اوس کے ایک طرف۔ السلطان النادر اور دوسری سمت خلد اللہ ملکہ مضرب فی قندہار۔

سکۂ نادر شاہ

نگین دولت دین چونکہ رفتہ بود از جا ✦ بنام نادر ایران قرار داد خدا

دیگر

خادمِ شاہ نجف زیبندۂ تاج و نگین ÷ بادشاہ دادگستر نادر ایران زمین

دیگر

نادرم در ملک ایران قادرم بر بحر و بار ÷ لا فتیٰ الّا علی لا سیف الّا ذوالفقار

دیگر

سکہ زد بر سیم و زر از فضل رب العالمین ÷ بادشاہ ہفت کشور نادر ایران زمین

سکہ محمد شاہ قاچار بر اشرفی

بر عرش برین فگند مسند ÷ شاہنشہ انبیا محمد

سکہ ناصر الدین شاہ قاچار بر اشرفی یعنی تومان

(وزن ۴-ماشہ چار رتی)

طہران ناصر الدین شاہ قاچار

الخلافہ السلطان السلطان

ضرب دار ابن

دیگر

سکہ زد بر ہفت کشور چتر زد بر مہر و ماہ

ناصر بن محمد ناصر الدین بادشاہ

(سکہ نام بادشاہ کا معلوم نہیں ہوا)

رای او سکۂ اصابت زد ÷ گشت نقد جہان تمام عیار

خرم او خطبۂ عدالت خواند ÷ شد ترازوی ملک او ہموار

سکہ جات سلاطین یورپ

سکہ سلطان محمود والی روم وزن ۲ تولہ ۳ رتی۔

سکہ کس سیکے از والی روم وزن ۱۰ ماشہ ۲ رتی۔

ایضًا ۴ ماشہ ۶ رتی

سکہ سلطان عبد العزیز خان والی تونس

سکہ مِش یکے از والی روم وزن ۱۰ ماشہ

سکہ مس نپولین سوم شاہ فرانس وزن ۰۴ ماشہ

سکہ فرانس
یہ سکہ بالکل کھوٹا ہی اور کسی مستند ٹکسال مین تیار نہین کیا گیا

سکہ فرانس قیمت پانچ پیسہ

سکہ فرانس۔ یہ سکہ مشکوک ہے۔

سکۂ فرانس

فرانس کا قدیمی سکہ۔ آجکل متروک ہے قیمت ایک فرانک۔

سکہ نقرہ فرانس شاہ لوئیس قلیپ۔ وزن ۲ تولہ ایک ماشہ ۶ رتی۔

سکہ نقرہ نپولین شاہ فرانس وزن ۲ تولہ ایک ماشہ ۴ رتی۔

سکہ نقرہ شاہ چارلس دہم شاہ فرانس وزن ۲ تولہ ایک ماشہ ۲ رتی۔
CHARLES X ROI DE FRANCE
5 F
1829 W
سکہ فرانس عہد ہلویٹیا - وزن ۲ تولہ ایک ماشہ
HELVETIA
5 Fr
1850
سکہ نقرہ بونا پارٹ اول - وزن ۲ تولہ ۳ ماشہ
ET BONAPARTE
D I X
1810

سکہ شاہ لوئس ہیجدہم متعلق فرانس وزن ۲ تولہ ایک ماشہ
LOUIS XVIII ROI DE FRANCE
PIECE DE 5 FRANCS
1815
سکہ فرانس عہد لیوپولڈ، پیوڈس بلجیز۔ وزن ۲ تولہ ایک ماشہ
LEOPOLD PREMIER ROI DES BELGES
5 FRANCS 1888
سکہ لوئس فلپی متعلق ملک فرانس۔ وزن ۲ تولہ۔ ایک ماشہ
LOUIS PHILIPPE I ROI DES FRANÇAIS
5 FRANCS W 1851

سکہ نپولین بونا پارٹ شاہ فرانس۔ وزن ۲ تولہ ایک ماشہ

LOUIS-NAPOLEON BONAPARTE
EA H22

REPUBLIQUE FRANÇAISE
5
FRANCS
1852
A

سکہ ملک فرانس عہد فلیس الیسا ڈی لیوکا۔ وزن ۲ تولہ ایک ماشہ

FELICE ED ELISA P P DI LUCCA E PIOMBINO

PRINCIPATO DI LUCCA E PIOMBINO
5
FRANCHI
1805

سکہ جمہوری شاہ فرانس وزن ۵ تولہ ایک ماشہ

REPUBLIQUE FRANÇAISE

LIBERTE EGALITE FRATERNITE
5
FRANCS
1850
A

سکہ نقرہ نپولین سوم شہنشاہ فرانس۔ وزن ۲۔ تولہ ایک ماشہ ایک رتی
NAPOLEON III EMPEREUR
EMPIRE FRANCAIS
5 F
1855
سکہ نقرہ اگالٹی علاقہ ملک فرانس
وزن ۲ تولہ ایک ماشہ
LIBERTE EGALITE FRATERNITE
REPUBLIQUE FRANCAISE
5
FRANCS
1848
A
سکہ انگلستان عہد کوین وکٹوریا
وزن ۲ تولہ ۴ ماشہ
VICTORIA DEI GRATIA
1845
BRITANNIARUM REGINA FID: DEF:

سکہ طلائی ہنری ثالث شاہ انگلستان
سکہ ایڈورڈ ثالث شاہ انگلستان
سکہ اٹلی
ROI DES
سکہ لومبارڈیا متعلق ملک اٹلی۔ وزن ۲ تولہ ایک ماشہ سوا رتی۔
ITALIA LIBERA DIO LO VUOLE
GOVERNO PROVVISORIO DI LOMBARDIA
1848
LIRE
ITALIANE

سکۂ نپولین امپراتور ملک اٹلی۔ وزن ۲ تولہ ۳۔ ماشہ
NAPOLEONE IMPERATORE E RE
1811
M
REGNO D'ITALIA
5. LIRE
سکۂ ملک ہسپانیہ
ISIBEL 21 POR LA GRACIA DE DIOS Y LA CONSTIUCION
ایضاً وزن ۲ تولہ ۳ ماشہ
VTRAQUE VNUM
1769
CAROLUS III D·G HISPAN·ET IND REX
P
8

سکۂ ملک ہسپانیہ - وزن ۲ تولہ ایک ماشہ
DEI GRATIA
HISPAN. ET IND. REX
1818
سکۂ الیمانی یعنی جرمنی ستکانام
الیمانی یعنی جرمنی پیسہ
سکۂ ولیم سوم شاہ جرمن - وزن دو تولہ ایک ماشہ پونے دو رتی -
KONING DER NED
KONINGRYK DER NEDERLANDEN

سکہ نقرہ موہٹیا علاقہ ملک جرمن۔ وزن ایک تولہ ۹۔ ماشہ ۴۔ رتی۔
MOHETIA PYEAb
1831 FOAA
ЧNCTAFO
CEPEEPA
4.30AOTH.
21A0AЯ.
اسکاٹلینڈ کا پیسہ
ایضاً
سکہ مسی ملکہ میری والیہ اسکاٹلینڈ
رابرٹ اعظم شاہ اسکاٹلینڈ کا پیسہ

سکہ مس ملک پرتگال

سکہ ملک بلجیم - کرس کنٹہ کان کواڈ یارس بیبرہ - وزن ۲ تولہ ۹ ماشہ ۲ رتی

سکہ فرڈینک شاہ ہیونگ ملک لیوڈی متعلق بلجیم

وزن ۲ تولہ ۴ ماشہ ۲ - رتی

سکہ نقرہ کہنہ ملک یونان۔ وزن ۷ ماشہ
سکہ عیدربان شہنشاہ روم قدیم
سکہ مس شہنشاہ کلادیس روم قدیم
سکہ اسطونانس پایس شہنشاہ روم قدیم
ولایت بساربیہ کے شہر اناد عل سے سنہ ۱۹۰۲ء
مین ایک پورانا دفینہ برآمد ہوا ہے یہ یونانی
سکہ کی ایک ہزار اشرفیان ہین جو سکندر اعظم کے
وقت کی مسکوک شدہ ہین اور جنپر یہ عبارت
مرقوم ہے۔ فیلب داسیلیوس۔
فیلب سکندر اعظم کے باپ کا نام ہے جو فیلقوس
مشہور ہے۔

یہ نصف دینار نقرہ شہنشاہ سکندر رومی کا ہے
سکہ برلیس ابر رومی
سکہ نقرہ قرناشس یکے از حکام ثلث روم قدیم
دینار یونی اعظم روم قدیم

سکہ طلائی سلفوس اول سپہ سالار سکندر رومی جو بعد وفات سکندر رومی شہر بر شام میں تخت نشین ہوا یہ بادشاہ ۳۰۶ سال قبل حضرت مسیح سے تھا ۱۲

ایضاً سکہ مسی

سکہ طلائی انتیوخس اول یہ بادشاہ ۲۶۰ سال قبل مسیح سے تخت نشین ہوا تھا ۱۲

ایضاً سکہ نقرئی

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصل سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ نقرئی انتیوخس دوم
ایضاً
سکہ مسی سلفوقس دوم - یہ بادشاہ ۲۲۰ سال قبل مسیح سے تخت نشین ہوا تھا ۱۲
ایضاً نقرئی

سکہ نقرئی انیتوخس ہیراقس

ایضاً

سکہ نقرئی سلفقوس سوم

سکہ نقرئی انیتوخس سوم - یہ بادشاہ ۲۲۳ سال قبل مسیح سے تخت نشین ہوا تھا ۱۲

سکۂ نقرئی انتیوخس سوم

ایضاً

ایضاً

ایضاً سکۂ مسی

نوٹ۔۔ نقلے اصلی سکون سے بجنسہ لیے گئے ہین ۱۲

سکۂ نقرئی انتیوخس سوم
سکہ صبوس شہنشاہ روم قدیم
سکہ قمودس رومی
سکہ نقرئی سلقوس چہارم
ایضاً سکہ مسی

نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ نقرئی انتیوخس چہارم

ایضاً

سکہ نقرئی انتیوخس پنجم

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لیے گئے ہین ۱۲

سکہ نقرئی زیم تریوس اول
سکہ نقرئی الکساندروس
ایضاً سکہ مسّی
ایضاً سکہ مسّی
نوٹ ۔ یہ نمونے بجنسہ اصلی تصویروں سے لیے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی زمتریوس دوم
ایضاً
ایضاً سکہ مس
ایضاً
نوٹ۔ یہ ملک کے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۔

سکۂ نقرئی انیتوخس ششم

سکۂ طلائی انیتوخس ہفتم

ایضاً

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکہ طلائی انیتوخس ہفتم

سکہ طلائی الگساندروس زبینا

سکہ نقرئی انیتوخس ہشتم

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لئے گئے ہیں ۱۲

نوٹ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لئے گئے ہیں ۱۲

سکۂ نقرئی انیتوخس دہم
ایضاً سکۂ مس
سکۂ طلائی سلفوس ششم
ایضاً سکۂ مس
نوٹ ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لیے گئے ہیں ۱۲

سکہ نقرئی انیتوخس یازدہم
ایضاً
سکہ نقرئی انیتوخس دوازدہم
سکہ نقرئی دیمیتریوس سوم
نوٹ - یہ خاکے بجنسہ اصلی سکوں سے لیے گئے ہیں ۱۲

سکہ نقرئی زیمرتیوس سوم
سکہ نقرئی نیقرانس
نوٹ ۔ یہ خاکے بجنسہ اصلی سکون سے لیئے گئے ہین ۱۲
محمد رفیع رومانی مؤلف و مصور

ملک آیرلینڈ کا پیسہ

سکہ خودمختاران سلطنت آئرلینڈ وزن ۲- تولہ ۴ ماشہ ۳ رتی-

سکہ ڈیوڈ ثانی شاہ اسکاٹ لینڈ

ولیم شاہ اسکاٹ لینڈ کا پیسہ

سکۂ سلاطین ہندوستان

سکۂ غیاث الدین بلبن شکل ضرب سکہ مدور بخط ثلث۔ عبارت طرف اول السلطان الاعظم غیاث الدنیا والدین ابو المظفر بلبن۔ عبارت طرف ثانی۔ الامام المستعصم امیر المومنین ضرب ہذا الفضۃ بحضرت دہلی۔ سونے کا ۱۶۳۔ چاندی کا سکہ ۱۶۷/۵۔ تانبے کا سکہ ½ ۴۷ و ۶۷ گرین۔ مخلوط سکہ ۲۶ گرین۔

سکہ معز الدین کیقباد۔ شکل ضرب سکہ مدور بخط ثلث۔ طرف اول السلطان الاعظم معز الدنیا والدین ابو المظفر ابن السلطان بغرا شاہ۔ طرف ثانی فی عہد الامام المستنصر امیر المومنین۔ ضرب ثانی طرف اول۔ السلطان الاعظم معز الدنیا والدین ابو المظفر کیقباد۔ طرف ثانی الامام المستعصم امیر المومنین ہذا الفضۃ بحضرۃ دہلی۔

چاندی کا سکہ ۱۶۸ گرین۔ مخلوط سکہ ۲۹ و ۵۲ گرین۔

سکۂ جلال الدین فیروز شاہ خلجی۔ صورت مدور بخط ثلث مضروب سنہ ۶۹۰ھ جلال الدنیا والدین ابو المظفر فیروز شاہ۔ طرف ثانی الامام المستعصم امیر المومنین بحضرۃ الدہلی فی سنہ تسعین و ستمائۃ۔

سکۂ ثانی سنہ ۶۹۳ھ میں لعبدہ اسقدر عبارت زیادہ ہوئی ضرب ہذا الفضۃ فی سنہ ثلاث و تسعین و ستمائۃ۔

سکہ ثالث سنہ ۶۹۵ھ ضرب ہذا الفضۃ بحضرۃ الدہلی فی سنہ خمس و تسعین و ستمائۃ۔

چاندی کا سکہ ۱۶۸ و مخلوط ۵۲ و ۲۹ گرین۔

سکۂ علاء الدین خلجی مدور بخط ثلث طرف اول السلطان الاعظم علاء الدنیا والدین

ابو المظفر محمد شاہ ۔ طرف ثانی سکندر العادل امین الخلافت ناصر المومنین دہلی ۔
سکۂ ثانی ۔ سکندر العادل امین الخلافت ناصر امیر المومنین ضرب ہذا الفضۃ بحضرت الدہلی
سنہ احد عشر و سبعمائۃ ۔
سکۂ ثالث سنہ ۷۱۱ھ سنہ عشر و سبعمائۃ ۔ سکہ رابع سنہ ۷۱۴ھ اربعہ عشر و سبعمائۃ ۔
سکۂ خامس سنہ ۷۱۵ھ خمس و عشر و سبعمائۃ ۔ سونے کا سکہ ۶ر ۱۶۹ گرین ۔ چاندی کا
۱۶۸ گرین ۔ تانبے کا ۶۷ - ۴ر۵۵ - مخلوط ۷ر۵۵
سکہ قطب الدین مبارک شاہ خلجی مدور بخط ثلث سنہ ۷۱۱ھ طرف اول الامام الاعظم قطب الدنیا
والدین ابو المظفر خلیفۃ اللہ ۔ طرف ثانی مبارک شاہ السلطان ابن السلطان الواثق باللہ
امیر المومنین ضرب ہذا الفضۃ بحضرت دار الخلافۃ فی سنہ سبع عشر و سبعمائۃ ۔
سکۂ ثانی سنہ ۷۱۹ھ طرف اول ۔ قطب الدنیا والدین ۔ طرف ثانی مبارک شاہ السلطان
ابن السلطان ۔ سونے کا سکہ ۵ر ۱۶۹ گرین ۔ مخلوط ۵۵ گرین ۔
سکۂ غیاث الدین تغلق مدور بخط ثلث سنہ ۷۲۴ھ السلطان الغازی غیاث الدنیا والدین
ابو المظفر ۔ طرف ثانی تغلق شاہ السلطان ناصر امیر المومنین بحضرۃ دہلی سنہ اربعہ و عشرین
و سبعمائۃ ضرب ہذہ السکۃ ۔
سونے کا سکہ ۴ر ۱۷۲ ۔ چاندی کا سکہ ۲ر ۱۷۰ ۔ تانبے کا ۵۳ - ۵۴ - ۱۹ -
۴۳ - ۲۴ - ۱۲۶ -
سکہ محمد شاہ تغلق مدور بخط ثلث سنہ ۷۲۷ھ ضرب فی زمن العبد الراجی رحمۃ اللہ محمد بن تغلق
طرف اول ۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہذا الدینار بحضرۃ الدہلی فی سنہ سبع و عشرین و
سبعمائۃ ۔ سکۂ ثانی سنہ ۷۳۳ھ طرف اول ۔ بشرح صدر ۔ طرف ثانی بن السلطان

السعید الشہید تغلق شاہ سنہ ثلث و ثلاثین و سبعمائہ -

سکۂ ثالث ۷۲۶ھ - الواثق بتائید الرحمٰن محمد شاہ السلطان ضرب ہذا الدینار بحضرت الدہلی سنہ ست و عشرین و سبعمائہ - طرف اول اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمداً عبدہٗ و رسولہ -

سونے کے سکے - ۱۳/۱۷۷ - ۱۶۸/۵ - ۹۹ - ۱۷۰ - ۱۶۹ - ۲۴۵ - چاندی کے سکے ۵۲ - ۵۶ - ۱۴۰ - ۵/۱۶۸ - تانبے کے سکے - ۵۳ - ۶۸ - ۱۰۳ - ۱۳۶ پیتل کے سکے ۵۵ - ۲ - ۷۲ - ۱۱۲ - ۱۳۲ - مخلوط ۲۵ - ۱۴۰ -

سکۂ فیروز شاہ تغلق - سونے کا ۱۷۷ گرین - مخلوط ۱۴۴ گرین ۴۵ گرین ۴۰ گرین ۴۴ و ۴۷/۱۷ گرین - تانبے کا سکہ ۵۵ گرین ۱۰۶ گرین - بعض سکے ایسے بھی ہیں کہ اونمیں دو نام فیروز شاہ و فتح خان کے لکھے ہیں - سونے کا سکہ ۱۶۸ گرین - مخلوط ۱۳۸ گرین اور ایسے سکے بھی ہیں جنمیں دو نام فیروز اور بیٹے ظفر کا نام لکھا ہے -

سونے کا سکہ ۱۶۸/۴ گرین - چاندی کا ۱۴۰ گرین - مخلوط ۱۳۰ گرین - ۱۷/۱ گرین تانبے کا ۷۰ گرین -

غیاث الدین تغلق شاہ دوم - مخلوط ۵۰ گرین - ۸۰ گرین - ۶۸ گرین - ۱۳۶ گرین ۱۶۴ گرین -

ابوبکر شاہ بن ظفر خان مخلوط - ۴۷ گرین - ۱۳۶ گرین - تانبے کا ۵۸ گرین - ۱۴۴ گرین ۱۴۴ گرین - ۱۵۵ گرین -

محمد شاہ فیروز شاہ - سیم قلب ۱۴۷ گرین - تانبے کا ۷۶ گرین - سونے کا سکہ ۱۷۰ مخلوط ۱۴۰ گرین - تانبے کا ۶۸/۶ گرین - ۳۰ گرین - ۳۵ گرین -

ناصرالدین محمد۔ مخلوط ۱۴۲ گرین۔ تانبے کا ۱۳۴ ۔ ۳۰ گرین۔ ۳۰ گرین۔

محمود بن محمد۔ سیم قلب ۱۴۱ گرین۔ تانبا ۱۴۰ گرین۔ ۳۲ و ۵۶ گرین۔

نصرت شاہ۔ تانبا ۵۷ ۔ ۶۷ ۔ ۱۴۳ گرین۔

مبارک شاہ دوم۔ چاندی کا سکہ ۱۷۴ گرین۔ مخلوط ۱۷۲ ۔ ۸۳٫۵ ۔ ۴۰ گرین۔

محمد شاہ مخلوط۔ ۱۴۲ گرین۔ تانبا ۱۳۶ ۔ ½ ۳۳ گرین۔

عالم شاہ ۔ تانبا ۱۳۵ ۔ ۶۶ ۔ ۴۶ گرین ۔

بہلول شاہ۔ تانبا ۷۶ گرین اوسط وزن ۱۴۰ گرین۔ چاندی ۱۳۹ ۔ ۱۴۵ گرین۔

سکندر شاہ لودی۔ تانبا ۱۳۹ ۔ ۵۵٫۵ گرین۔

ابراہیم سکندر شاہ۔ تانبا ۴۲ ۔ ۷۸ ۔ ۱۱۰ ۔ ۱۲۰ گرین ۔

شیر شاہ۔ سونا ۱۶۵٫۵ ۔ چاندی ۱۷۶ ۔ تانبا ۳۲۹ گرین۔

اسلام شاہ چاندی ۱۶۸ ۔ تانبا ۱۷۲ ۔ ۱۷۸ ۔ ۳۱۵ گرین۔

محمد عادل شاہ۔ چاندی ۱۷۴ گرین۔

ابراہیم سور۔ چاندی ۱۷۵ گرین

معزالدین بن سام۔ سونا ۳۲ ۔ ۶۱ ۔ ۹۶ گرین۔ چاندی ۴۶ ۔ ۶۸ ۔ ½ ۷۴ ۔ ۱۰۸ ۔ ۱۳۲ گرین۔ تانبا مخلوط[1] ۳۸ ۔ ۴۹ ۔ ۵۵ گرین۔

آرام شاہ۔ تانبا ۴۵ گرین۔

شمس الدین آتش۔ سونا ۷۰٫۶ چاندی ۴۵٫۴ ۔ ۱۵۱ ۔ ۱۶۸٫۵ گرین۔ چاندی

---

[1] مخلوط سکہ سے یہ مراد ہے کہ وہ چاندی اور تانبے کے مرکب کرنے سے بنایا جائے ۱۲

۴۸، ۴۵ - ۱۵۱ - ۵، ۱۶۸ گرین - تانبا ۳۸ - ۴۰ - ۴۴ - ۵۴ گرین - مخلوط سکے ۳۸
۴۶ - ۵۰ - ۵۳ - ۹۲ گرین -

رکن الدین - مخلوط سکہ ۱۵ گرین -

رضیہ بیگم - چاندی ۴۷ - ۴۹ - ۱۲۵ - ۱۶۷ گرین -

معزالدین بہرام شاہ - چاندی ۱۶۷ گرین - مخلوط ۵۶ گرین - علاءالدین مسعود چاندی ۱۶۷،۵ گرین
تانبا ۶۵ - ۴۹½ گرین - مخلوط ۴۱ - ۵۲ گرین - ناصر الدین محمود تانبا ۵۴ - مخلوط ۱۲ - ۵۱ گرین

رکن الدین ابراہیم - چاندی ۱۵۸ گرین - تانبا ۳۸ - ۵۹ گرین - مخلوط ۵۲ گرین -

شہاب الدین عمر - مخلوط سکہ ۵۴،۷ گرین - خسرو خان - مخلوط سکہ ۵۵،۷ گرین -

سکہ محمد شاہ بن فرید خان بن خضر خان مدور بخط ثلث - عبارت طرف اول - السلطان الاعظم ابو المحامد محمد شاہ ابن فرید شاہ ابن خضر شاہ سلطان - طرف ثانی امیر المومنین خلدت خلافتہ فی دارالامن -

مولانا محمد عباس رفعت مرحوم نے کتاب نقد رواں مین لکھا ہے کہ ایک اشرفی طلائی خالص بوزن ۱۳ ماشہ ۴ رتی دیکھنے مین آئی اوس پر ہر دو طرف بخط نستعلیق یہ عبارت کندہ تھی - ضرب فی زمن العبد الراجی - طرف دیگر رحمۃ ربہ محمد بن تغلق ۷۲۶ھ - اور ایک چاندی خالص کا روپیہ مدور سکہ چہرہ دار انگریزی رائج ہندوستان بوزن ۱۱ ماشہ نظر سے گذرا اوس پر یہ عبارت بخط نسخ کندہ تھے السلطان الاعظم علاء الدنیا والدین ابو المظفر محمد شاہ اور طرف دیگر سکندر الثانی ظہیر الخلافۃ ناصر امیر المومنین -

سکہ سلاطین تیموریہ

سکہ امیر تیمور - ایک طرف کلمہ دوسری طرف نام -

سکۂ ہمایون - ایک طرف نام دوسری طرف کلمہ - سونا ۰ - ۱۰ - ۱۳۱ گرین - چاندی ۱ گرین

سکۂ جلال الدین محمد اکبر - ایک طرف کلمہ دوسری طرف نام - آخر سلطنت مین سکہ مین فقط لفظ اللہ اکبر -

آئین اکبری مین لکھا ہی کہ بعہد جلال الدین محمد اکبر مختلف شہرون مین ٹکسالین تھین از انجملہ معسکر شاہی بنگالہ - احمد آباد گجرات اور کابل مین روپیون پیسون کے سوا اشرفیان بھی بنتی تھین اور الہ آباد - آگرہ - اوجین - سورت - دہلی - پٹنہ - کشمیر - لاہور - ملتان - ٹانڈا مین صرف روپیہ مسکوک ہوتے تھے - اجمیر اودہ - آٹک - الور - بدایون - بنارس - بھکر - بہیڑہ - پٹن - جونپور - جالندھر - حصار - سرہند - فیروزہ - کالپی - گوالیار - گورکھپور - کلانور - لکھنؤ - مانڈو - ناگور - سیالکوٹ - سرونج - سنبھل - سہارنپور - سارنگپور - قنوج - رنتنبھور مین فقط پیسے ہی تیار ہوتے تھے - لین دین مین اکثر گول مہر یعنی اشرفی اور روپیہ اور دام کا رواج تہا - تاریخ سے معلوم ہوا کہ یہ بادشاہ ہر سال جشن نوروز کو نیا سکہ جاری کرتا تھا - دو تین سکون کی کیفیت یہان لکھنا مناسب ہے اور وہ یہ ہین -

سہنسہ بوزن شہنشہ ایک سو ایک تولہ ۹ ماشہ ۷ رتی سونے کا سکہ ہی ابتدا مین اسکے ایک طرف - بیچ مین نام اکبر کا اور آس پاس السلطان الاعظم الخاقان المعظم خلد اللہ ملکہ وسلطانہ - ضرب دار الخلافہ آگرہ - اور دوسری طرف وسط مین کلمۂ طیبہ و ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب اور گرداگرد اسامی چار یار لکھے جاتے تھے - پھر ملا احمد علی نے ایک طرف افضل دینار ینفقہ الرجل علی اصحابہ فی سبیل اللہ اور بڑھایا اور دوسری طرف السلطان العالی الخلیفۃ المتعالی خلد اللہ تعالی ملکہ وسلطانہ و ابد عدلہ واحسانہ زیادہ کیا بعد ازان یہ سب عبارت موقوف کی گئی اور فیضی کی یہ رباعی نقش ہوئی -

خورشید کہ ہفت بحر از و گوہر یافت + سنگِ سیہ از پرتو آن جوہر یافت
کان از نظر تربیت او زر یافت + وان زر شرف از سکۂ شہِ اکبر یافت

اور درمیان مین اللہ اکبر جل جلالہ مرقوم ہوا اور دوسری طرف یہ رباعی فیضی کی ؎

این سکہ کہ پیرایۂ امید بود + با نقش دوام و نام جاوید بود
سیمائے سعادتش ہمین بس کہ بدہر + یک ذرہ نظر کردۂ خورشید بود

اور وسط مین سنہ الہی۔

رَہَس بروزن نَحَس۔ یہ بھی اشرفی ہے اسکا وزن پچاس تولہ دس ماشہ سات رتی تھا ایک طرف شہنشہ کی عبارت اور دوسری طرف فیضی کی یہ رباعی نقش ہوتی تھی ؎

این نقدِ روان گنج شاہنشاہی + با کوکب اقبال کند ہمراہی
خورشید بہ پرورش ازان رو کہ بدہر + یابد شرف از سکۂ شاہنشاہی

آتمہ بروزن آدمہ۔ یہ بھی سونے کا سکہ ہے۔ اسکے ایک طرف وہی عبارت جو رَہَس پر ہے مرقوم تھی اور دوسری طرف فیضی کی یہ رباعی ؎

این سکہ دست بخت را زیور باد + پیرایۂ نہ سپہر و ہفت اختر باد
زرین نقدیست کار ازو چون زر باد + در دہر روان بنام شاہ اکبر باد

جدول سکہ ہای جلال الدین محمد اکبر

نمبر	نام سکہ	وزن: تولہ	وزن: ماشہ	وزن: رتی	صورت	نام فلز	عبارت جو سکہ پر منقوش ہے و دیگر کیفیت
۱	سہنسہ	۱۰۱	۹	۷	مدور	طلا	صفحۂ گزشتہ میں عبارت مرقوم ہے۔
۲	سہنسہ قسم دوم	۹۱	۸	۸	″	″	عبارت مثل سہنسہ قسم اول
۳	رہس	۵۰	۱۰	۷	مدور و چارگوشہ	″	ایک طرف رباعی سہنسہ اور دوسری جانب ایک رباعی
۴	رہس قسم دوم	۴۵	۱۰	×	″	″	″
۵	آتمہ	۲۵	۵	۳	چارگوشہ	″	″
۶	بنست	۲۰	۴	۱	مدور و مربع	″	×
۷	بنست قسم دوم	۱۷	۲	۴	مدور و مربع	″	×
۸	بنست قسم سوم	۱۰	۲	۱	″	″	×
۹	بنست قسم چہارم	۵	۱	×	″	″	×
۱۰	بنست قسم پنجم	۴	×	۲	″	″	×
۱۱	چگل	۲	۴	۵	چارگوشہ	″	×

نمبر	نام سکہ	وزن تولہ	وزن ماشہ	وزن رتی	صورت	نام فلز	عبارت جو سکہ پر منقوش ہے و دیگر کیفیت
۱۲	گرد	۲	۱۱	×	+	طلا	+
۱۳	گرد	۲	+	۱	چارگوشہ	//	+
۱۴	لعل جلالی	۱	۱۰	+	چارگوشہ	//	ایک طرف اللہ اکبر ـ دوسری طرف یامعین
۱۵	آفتابی	۱	۲	۳	مدور	//	ایک طرف اللہ اکبر جل جلالہ دوسری طرف تاریخ وسنہ الٰہی نام دارالضرب
۱۶	الٰہی	۱	+	۱	//	//	ایضاً
۱۷	لعل جلالی دوم	۱	+	۲	چارگوشہ	//	ایک طرف اللہ اکبر ـ دوسری طرف جل جلالہ
۱۸	عدل گتکہ	+	۱۱	+	مدور	//	ایک طرف اللہ اکبر ـ دوسری طرف یامعین
۱۹	مہرگرد	+	۱۱	+	//	//	کلمۂ طیبہ
۲۰	فخرابی	+	۱۱	+	//	//	//
۲۱	معینی	۱	+	+	//	//	یامعین
